OFFICE OF ADMINISTRATIVE TRIALS AND HEARINGS
Help Center

OATH میں گاڑی ضبطی ("KRIMSTOCK") کے مقدمات

بنیادی اصول

کسی مبینہ جرم کے سلسلے میں NYPD کے ذریعہ کسی گاڑی کو ضبط کرنے یا قبضے میں لینے کے بعد، گاڑی کا رجسٹرڈ مالک، یا گاڑی کو ضبط کیے جانے کے وقت اسے چلا والا شخص OATH سے گاڑی کو واپس لوٹانے کی درخواست کر سکتا ہے۔ اس بات کا فیصلہ کرنے کے لیے کہ آیا گاڑی کو واپس لوٹایا جاسکتا ہے OATH کے ٹرائلز ڈویژن میں معاملے کی سماعت ہوتی ہے اور اسے "Krimstock" کی سماعت کہا جاتا ہے۔

نوٹ: گاڑی واپس لینے کی درخواست کرنے والا شخص یا تو گاڑی کا رجسٹرڈ یا ٹائٹل یافتہ مالک یا وہ شخص ہونا چاہیے جو گاڑی کو ضبط کیے جانے کے وقت اسے چلا رہا تھا۔ ان لوگوں میں سے صرف کوئی ایک ہی شخص OATH میں سماعت کے لیے درخواست دائر کر سکتا ہے، اور مالک کو ترجیح دی جاتی ہے۔

نوٹ: NYPD گاڑی کے مالک کے خلاف نیویارک اسٹیٹ کورٹ (OATH کے ساتھ اور علاحدہ) میں گاڑی کو مستقل طور پر ضبط رکھنے کے لیے مقدمہ دائر کر سکتا ہے، حتی کہ اگر گاڑی OATH میں "Krimstock" کی سماعت کے بعد عارضی طور پر واپس کر دی جائے۔ اسے مستقل ضبطی کی کارروائی (forfeiture proceeding) کہا جاتا ہے۔

حق سماعت کا نوٹس

NYPD کو گرفتاری کے وقت گاڑی واپس لینے کے لیے ڈرائیور کو OATH کی سماعت کے حق کا نوٹس پیش کرنا لازمی ہے (یہ نوٹس "گاڑی ضبطی کا فارم" میں شامل ہے)۔ NYPD کو گاڑی ضبط ہونے کے 5 کاروباری دنوں کے اندر وہی نوٹس رجسٹرڈ یا ٹائٹل یافتہ مالک (یا دونوں) کو بھی بذریعہ ڈاک فراہم کرنا چاہیے۔ اگر NYPD یہ نو نوٹس گرفتاری کے وقت اور بذریعہ ڈاک ڈرائیور اور مالک کو پیش کرنے میں ناکام ہوتا ہے، تو یہ گاڑی واپس لوٹانے کی بنیاد بن سکتی ہے۔

سماعت کا شیڈیول

NYPD کو سماعت کے لیے درخواست موصول ہونے کے 10 کاروباری دنوں کے اندر OATH میں سماعت کا وقت طے کرنا چاہیے۔ مدعی علیہ کی طرف سے گاڑی کی ضبطی کے فارم کے نچلے حصے کو بھر کر یہ درخواست کی جا سکتی ہے۔

نوٹ: گرفتار شخص، یا گاڑی کا مالک، ڈسٹرکٹ اٹارنی کے دفتر سے یہ تحریری بیان بھی طلب کر سکتا ہے کہ گاڑی کو بطور ثبوت رکھنا ضروری نہیں ہے۔ ڈسٹرکٹ اٹارنی کو اس طرح کا مطالبہ موصول ہونے کے 7 دنوں کے اندر تحریری بیان جاری کرنا چاہیے یا انھی 7 دنوں کے اندر فوجداری مقدمہ نمٹانے والی عدالت سے "ریٹینشن آرڈر" (عدالتی فیصلہ جو NYPD کو گاڑی رکھنے کی اجازت دیتا ہے) طلب کرنا چاہیے۔)

گاڑی واپس کرنے سے انکار کرنے کے لیے NYPD کو OATH کے سامنے "Krimstock" کی سماعت میں کیا ثابت کرنا لازمی ہے

1) گرفتاری کی "ممکنہ وجہ" (معقول بنیاد کی مانند) موجود تھی۔
2) یہ "امکان" ہو کہ NYPD گاڑی کو ضبط رکھنے کے مقدمے میں جیت جائے گا۔
3) گاڑی کو رکھنا ضروری ہے کیونکہ اسے واپس لوٹانے سے گاڑی کے نقصان، فروخت، تباہی یا عوامی تحفظ کے لیے خطرہ پیدا ہو گا۔

نوٹ: گاڑی کو واپس لوٹانے سے انکار کرنے کے لیے، NYPD کو ان تمام 3 چیزوں کو OATH کے سامنے "Krimstock" کی سماعت میں ثابت کرنا لازمی ہوگا۔

نوٹ: "ممکنہ وجہ" خودکار طور پر موجود ہوتی ہے اگر فوجداری عدالت میں الزامات کے لیے قصوروار ہونے کی درخواست کی گئی ہو۔

وہ حالات جن کے نتیجے میں گاڑی لوٹائی جاسکتی ہے

- **"بے قصور مالک" –** مالک گاڑی واپس لوٹانے کا مطالبہ کر سکتا ہے اگر ایسا ہو کہ مالک گرفتاری اور ضبطی کے وقت گاڑی نہیں چلا رہا تھا، اور اگر مالک نے جرم کا ارتکاب کرنے کے لیے گاڑی کے استعمال کی رخصت یا اجازت نہیں دی تھی۔ (نوٹ: NYPD یہ ظاہر کرنے کی کوشش کر سکتا ہے کہ گرفتار ڈرائیور ہی گاڑی کا اصل مالک ہے، رجسٹرڈ/ٹائٹل یافتہ مالک نہیں۔)
- **نوٹس –** مالک یا ڈرائیور گاڑی واپس لوٹانے کا مطالبہ کر سکتا ہے اگر اس بات کا ثبوت ہو کہ NYPD نے سماعت کی درخواست کرنے کے حق سے متعلق مطلوبہ نوٹس پیش نہیں کیے ہیں۔

یہاں صرف دو ممکنہ حالات درج ہیں؛ کچھ دیگر حالات بھی ہوسکتے ہیں جن کے نتیجے میں گاڑی لوٹائی جاسکتی ہے۔ آپ کو اٹارنی کے ہمراہ اپنی سماعت میں حاضر ہونے کا حق ہے۔ اگر آپ کے پاس ثبوت کے ساتھ اٹھانے اور دکھانے کے لیے یہ حالتیں یا دیگر مسائل ہوں، یعنی NYPD کی جانب سے مندرجہ بالا قانونی تقاضوں میں سے کسی کو پورا کرنے میں ناکامی، تو آپ ان مسائل پر اپنے اٹارنی سے تبادلہ خیال کر سکتے ہیں اور اپنی "Krimstock" OATH کی سماعت میں OATH کے جج کے سامنے اپنے خدشات کا اظہار کر سکتے ہیں۔ مزید معلومات کے لیے، یہاں پر کلک کریں۔

OATH کے امدادی مرکز میں کسی کے ساتھ ملاقات کا وقت طے کرنے کے لیے، براہ کرم اپنی مقررہ OATH کی پیشی سے پہلے اس آن لائن رابطے کا فارم کا استعمال کرکے ہمیں ای میل بھیجیں یا **(212) 436-0845** پر کال کریں۔